http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

ABC Certified

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

جلد 22 | بدھ 2 ستمبر 2026ء | 19 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 55

بلوچستان سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 21 دہشتگرد ہلاک، 6 اہلکار شہید

قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد، کسٹمز ہاؤس پر حملہ دہشتگردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کا مظہر تھا، آئی ایس پی آر

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا اظہارِ اطمینان

راولپنڈی /اسلام باد / کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 21 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا، فائرنگ کے تبادلے میں (بقیہ 29 نمبر صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا نوکچہ چاغی اور (بقیہ 28 نمبر صفحہ 3 پر)

پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم کی 2026-27 کی چیئرمین شپ سنبھال لی

پاکستان اور ایس سی او سیکرٹریٹ نے چیئرمین شپ کے دوران قریبی رابطے اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا، ترجمان دفتر خارجہ

بشکیک /اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی 2026-27 کی چیئرمین شپ سنبھال لی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار (بقیہ 46 نمبر صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی بشکیک میں ایس سی او پلس اجلاس میں شرکت، عالمی رہنماؤں سے غیر رسمی ملاقاتیں

بشکیک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے ایس سی (بقیہ 31 نمبر صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا عمران خان اور بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں نہ رکھنے کا حکم

جسٹس خادم حسین سومرو نے مبینہ قید تنہائی میں رکھنے کیخلاف درخواستوں کا فیصلہ، ہدایات کیساتھ نمٹا دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کو جیل میں مبینہ قید تنہائی میں رکھنے کیخلاف درخواستوں کا فیصلہ (بقیہ 30 نمبر صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆ بشکیک، شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس کے موقع پر مختلف ممالک کے سربراہان کا گروپ فوٹو ☆☆☆☆☆☆☆

جنوبی ایشیا امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیت حاصل نہیں کرسکتا

شہباز شریف

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں کشیدگی کم کرنے کی جانب اہم قدم ہے، پاکستان نے ہمیشہ کثیر الجہتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے کوششیں کی ہیں

ہم تنازعات کے پرامن حل کے لیے بین الاقوامی قانون کے مطابق، اقوام متحدہ اور ایس سی او چارٹر کی رہنما ہدایات پر سختی سے عمل پیرا رہنے کے لیے پرعزم ہیں

شنگھائی تعاون تنظیم عالمی امن استحکام کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے، شنگھائی سپرٹ کے تحت پاکستان کو شنگھائی تعاون تنظیم کا رکن ہونے پر فخر ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمہ دار رکن ہے

غزہ اور مغربی کنارے میں انسانی المیہ ناقابلِ تصور مصائب کا باعث ہے، عالمی برادری فلسطینی عوام کے حقِ خودارادیت کا احترام کرے، شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی منظرنامہ بڑھتی جغرافیائی کشیدگی سے دوچار ہے، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں کشیدگی کم کرنے کی جانب اہم قدم ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمے دار رکن ہے، جنوبی ایشیا پائیدار امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیت حاصل نہیں کرسکتا، غزہ اور مغربی کنارے میں انسانی المیہ ناقابلِ تصور مصائب کا باعث ہے، عالمی برادری فلسطینی عوام کے حقِ خودارادیت کا احترام کرے، عالمی (بقیہ 47 نمبر صفحہ 3 پر)

راولپنڈی اسلام آباد میں شدید بارش سے نظام زندگی درہم برہم، گاڑیاں بہہ گئیں

دکانوں میں پانی داخل ہونے سے فرنیچر، الیکٹرونکس کا سامان اور دیگر قیمتی اشیا ناکارہ

عام تعطیل کا اعلان، فوج اسٹینڈ بائیانی گھروں میں داخل ہونے سے شہریوں کا سامان تباہ

اسلام آباد /راولپنڈی (این این آئی) جڑواں شہروں اسلام آباد اور راولپنڈی میں موسلادھار بارش کے بعد نظام زندگی درہم برہم ہوگیا، سڑکیں تالات کا منظر پیش کرنے (بقیہ 48 نمبر صفحہ 3 پر)

کرغزستان، وزیراعظم محمد شہباز شریف وفد کے ہمراہ بیلاروس کے صدر سے ملاقات کررہے ہیں

مکہ دفاعی معاہدہ مزید ممالک کی شمولیت کا فیصلہ مینڈیٹ کے مطابق ہوگا

خواجہ آصف

تینوں ممالک کا اتحاد کسی ملک کیخلاف جارحانہ نوعیت کا نہیں ہے، مقصد مشترکہ خطرات اور چیلنجز کا مل کر سامنا کرنا ہے

دفاعی معاہدہ، مزید ممالک کی شمولیت کا فیصلہ طے شدہ مینڈیٹ کے مطابق ہوگا وزیر دفاع کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ دفاعی معاہدہ، مزید ممالک کی شمولیت کا فیصلہ طے شدہ مینڈیٹ کے مطابق ہوگا، تینوں ممالک کا اتحاد کسی ملک کیخلاف جارحانہ نوعیت کا نہیں ہے۔ مکہ معاہدے پر پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ 54 نمبر صفحہ 3 پر)

صدر مملکت آصف علی زرداری لندن پہنچ گئے، قیام دو ہفتہ طویل ہوگا

لندن (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری لندن پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق صدر زرداری کا برطانیہ میں قیام دو ہفتہ طویل ہوگا۔ برطانیہ میں قیام کے دوران صدر زرداری مختلف میڈیکل چیک اپ بھی کرائیں گے۔ صدر (بقیہ 56 نمبر صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت کا جماعت اسلامی سے مذاکرات کیلئے رابطہ

رانا ثنا اللہ، احسن اقبال نے لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا، حکومت ریلیف پیکج کے ساتھ میز پر بیٹھے، نائب امیر

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ سے رابطہ کر کے مل بیٹھ کر معاملات کو افہام و تفہیم کے ساتھ حل کرنے کیلئے مشاورت (بقیہ 55 نمبر صفحہ 3 پر)

نیپال میں ایک شخص سیلاب سے بچ جانیوالے گھر کو دیکھ رہا ہے

اسحاق ڈار: اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر فریقوں کی مخلصانہ عملدرآمد ہی آگے بڑھنے کا راستہ ہے

اسحاق ڈار کی ایرانی، ازبک، بیلاروس، روس اور تاجکستان کے وزراء خارجہ سے ملاقاتیں، علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اقوام متحدہ اور شنگھائی تعاون تنظیم کے سیکرٹری جنرل اور دیگر سے ملاقاتیں، اقوام متحدہ کے لئے پاکستان کے مضبوط عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہانِ مملکت کے اجلاس کے موقع پر اقوام (بقیہ 32 نمبر صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف نے ایس سی او اجلاس کے اعلامیے پر دستخط کردیے

بشکیک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ایس سی او اجلاس کے اعلامیے پر دستخط کردیے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم سربراہانِ مملکت کونسل اجلاس کے (بقیہ 34 نمبر صفحہ 3 پر)

صدر مملکت کی ازبک قیادت اور عوام کو یومِ آزادی پر مبارکباد

پاکستان اور ازبکستان اپنی مشترکہ کاوش سے اس شراکت داری کو مزید مضبوط بنائیں گے، صدر

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمہوریہ ازبکستان کے صدر شوکت مرزیوف اور ازبکستان کے برادر عوام کو ان کے 35 ویں یومِ آزادی پر (بقیہ 33 نمبر صفحہ 3 پر)

کوئٹہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ضروری صحت خدمات پیکیج کا افتتاح کررہے ہیں

انصاف غالب آگیا، عالمی ثالثی عدالت کا فیصلہ قانونی موقف کی مضبوطی کا مظہر ہے

میر سرفراز بگٹی

حکومت بلوچستان صوبے کے عوام کو بنیادی اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

عالمی ثالثی عدالت کا متفقہ فیصلہ اس امر کی واضح توثیق ہے کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل، ختم یا "التوا" میں نہیں رکھ سکتا

کوئٹہ (خ ن) زیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے کے عوام کو بنیادی اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل (بقیہ 49 نمبر صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سندھ طاس معاہدے (Waters Indus Treaty) کی حیثیت سے متعلق عالمی ثالثی عدالت کے متفقہ فیصلے کا (بقیہ 35 نمبر صفحہ 3 پر)

پاکستان میں مہنگائی کی شرح میں نمایاں اضافہ، شرح 11.1 فیصد تک پہنچ گئی

دیہی علاقوں میں مہنگائی کی شرح سالانہ بنیاد پر 12.2 فیصد تک پہنچ گئی، جو جولائی میں 9.9 فیصد اور اگست 2025 میں 2.5 فیصد تھی

شہری علاقوں میں مہنگائی سالانہ بنیاد پر 10.4 فیصد، دیہی علاقوں میں 12.2 فیصد تک پہنچ گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان میں مہنگائی کی شرح میں ایک بار پھر نمایاں اضافہ ہوگیا، اگست 2026 میں مجموعی مہنگائی سالانہ بنیاد پر 11.1 فیصد ریکارڈ کی گئی جو جولائی میں 9.2 فیصد تھی۔ پاکستان بیورو آف شماریات کے مطابق کنزیومر پرائس انڈیکس کے تحت اگست 2025 میں مہنگائی کی شرح 3.1 فیصد ریکارڈ ہوئی تھی۔ ماہانہ بنیاد پر اگست 2026 میں مہنگائی کی شرح 1.2 فیصد پر برقرار (بقیہ 57 نمبر صفحہ 3 پر)

سانحہ پمز، اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے چیئرمین کے بعد مزید 5 ارکان مستعفی

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ پمز کے بعد اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ سے استعفوں کا سلسلہ جاری ہے، چیئرمین کے بعد مزید پانچ ارکان نے استعفے (بقیہ 58 نمبر صفحہ 3 پر)

سندھ کابینہ کے اہم فیصلے، الیکٹرک گاڑیوں پر ٹیکس مراعات میں 2 سال توسیع

پاسکو سے 2 لاکھ 23 ہزار 455 ٹن گندم خریدنے اور 3 لاکھ ٹن درآمدی گندم منگوانے کی منظوری

پی پی پی یونٹ کو سرکاری ملکیتی نجی لمیٹڈ کمپنی میں تبدیل کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ نے صوبے میں ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ، غذائی تحفظ یقینی بنانے اور ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے نظام کو (بقیہ 59 نمبر صفحہ 3 پر)

لاہور، شاہ محمود قریشی کی بیٹی مہر بانو انسداد دہشتگردی عدالت میں آرہی ہیں

پارٹی آئین میں تبدیلی، الیکشن کمیشن کا پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کو سخت انتباہ

پی کے میپ کے وکیل کی وقت دینے کی استدعا منظور، 15 ستمبر تک مہلت فراہم

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پارٹی آئین میں تبدیلی پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کو سخت انتباہ جاری کردیا۔ منگل کو پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی الیکشنز (بقیہ 60 نمبر صفحہ 3 پر)

پاک چین شراکت داری کا اگلا مرحلہ معاشی خوانجصاری کی بنیاد رکھے گا

احسن اقبال

پاک چین سٹریٹجک شراکت داری کا اگلا مرحلہ برآمدات، جدید زراعت اور نالج اکانومی کے فروغ کے ذریعے پاکستان کو معاشی طور پر خود مختار بنانے پر مرکوز ہے

ملکی ترقی، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی پاکستان کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاک چین سٹریٹجک شراکت داری کا اگلا مرحلہ برآمدات، جدید زراعت اور نالج اکانومی کے فروغ کے ذریعے پاکستان کو معاشی طور پر خود مختار بنانے پر مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے دورہ چین کے دوران طے پانے والے پانچ سالہ ایکشن پلان پر (بقیہ 36 نمبر صفحہ 3 پر)

بشکیک، وزیراعظم محمد شہباز شریف شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے گفتگو کررہے ہیں

اڈیالہ جیل کے گیٹ توڑنے نہیں آرہے، ہم انصاف چاہتے ہیں، بیرسٹر گوہر

بانی پی ٹی آئی سے متعلق اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ خوش آئند ہے

ہمیں عدالتوں کے احکامات پر عمل درآمد چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اڈیالہ جیل کے گیٹ توڑنے نہیں آرہے، چاہتے ہیں ہمیں انصاف دیا جائے۔ میڈیا سے (بقیہ 37 نمبر صفحہ 3 پر)

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کو 2.5 ارب ڈالر کا قرضہ

بانی پی ٹی آئی کیساتھ ڈیل کیلئے ایک ریٹائرڈ شخصیت نے اہم کردار ادا کیا، رمیش کمار کا دعویٰ

ایک نیا ماڈل بننے جارہا ہے جس پر 15 ستمبر سے 15 نومبر کے درمیان عملدرآمد متوقع ہے

عمران خان کے ساتھ 4 سے 5 ملاقاتوں کے بعد 14 اگست کو باقاعدہ کیک بھی کاٹا گیا، ریلیف کا عمل شروع ہوچکا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی رمیش کمار نے دعویٰ کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ساتھ ڈیل کے لیے ایک ریٹائرڈ شخصیت نے اہم کردار ادا (بقیہ 50 نمبر صفحہ 3 پر)

ملک کو درپیش سیاسی اور معاشی بحرانوں کا واحد حل آئین کی بالادستی میں ہے

مولانا فضل الرحمٰن

بڑھتی ہوئی معاشی مشکلات، مہنگائی، بے روزگاری، عوامی پریشانیاں، امن و امان کی خراب صورتحال اور سیاسی عدم استحکام سنگین مسائل ہیں

ریاستی اور حکومتی امور آئینی حدود کے اندر چلائے بغیر ملک میں پائیدار سیاسی استحکام قائم نہیں ہوسکتا، سربراہ جمعیت علماء اسلام

جیکب آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور آئینی بحرانوں کا واحد حل آئین کی بالادستی، حقیقی جمہوریت، پارلیمنٹ کی بالادستی اور عوامی مسائل کا عملی حل ہے، ریاستی اور حکومتی امور آئینی حدود کے اندر چلائے بغیر ملک میں پائیدار سیاسی استحکام قائم نہیں ہوسکتا۔ وہ سندھ کے دورے کے جے یو آئی سندھ کے امیر (بقیہ 39 نمبر صفحہ 3 پر)

بشکیک، وزیراعظم محمد شہباز شریف شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

وزیراعظم کی شنگھائی تعاون تنظیم سربراہان مملکت کے اجلاس میں شرکت

مرکزی ہال آمد پر کرغزستان کے صدر نے وزیراعظم کا گرمجوشی سے استقبال کیا

بشکیک (این این آئی) بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان حکومت کے اجلاس میں شرکت کے لئے وزیراعظم شہباز شریف کا مرکزی ہال پہنچنے پر پرتپاک استقبال (بقیہ 41 نمبر صفحہ 3 پر)

نیپال میں تباہ کن سیلاب سے اموات کی تعداد 1000 ہوگئی

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں تباہ کن سیلاب سے اموات کی تعداد 1000 ہوگئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے (بقیہ 40 نمبر صفحہ 3 پر)

غزہ اسرائیلی حملے میں تباہ ہونیوالی گاڑی کو ایک شخص پانی ڈال کر آگ بجھانے کی کوشش کررہا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان سے بگٹی قبیلے کے عمائدین اور سرکردہ شخصیات کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں بگٹی قبیلے کے عمائدین اور سرکردہ (بقیہ 61 نمبر صفحہ 3 پر)

غیر قانونی چیک پوسٹوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے

چیف سیکرٹری

ٹیکس نیٹ کو وسیع اور صوبائی محصولات میں اضافے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے

کھلی کچہریاں عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہِ راست رابطے کا مؤثر ذریعہ ہیں، اس لیے ان کا انعقاد باقاعدگی سے کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس منعقد ہوا جس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور، عوامی سہولیات، پرائس کنٹرول، میونسپل سروسز میں بہتری اور مختلف حکومتی اقدامات کا جائزہ لیا گیا (بقیہ 62 نمبر صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر پرانی چوتومل کو دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا

مستونگ (یو این اے) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر چوتو کے علاقے میں نامعلوم افراد نے دھماکہ خیز مواد کے ذریعے پرانی چوتومل (بقیہ 64 نمبر صفحہ 3 پر)

سانحہ 9 مئی، شاہ محمود قریشی، اعجاز چوہدری کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ملتوی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے سانحہ نو مئی کے مقدمات میں تحریک انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی کی (بقیہ 65 نمبر صفحہ 3 پر)

پاکستان نے ڈالر بینچ مارک یورو بانڈ جاری کرنے کا عمل شروع کردیا

5 اور 10 سالہ یورو بانڈز کی پیشکش، حتمی اجرا عالمی مارکیٹ کی صورتحال سے مشروط ہوگا، وزارت خزانہ

کراچی (این این آئی) پاکستان نے امریکی ڈالر بینچ مارک یورو بانڈ جاری کرنے کے لیے پیشکش کا عمل شروع کردیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق 5 سالہ اور 10 سالہ مدت کے یورو بانڈز کی پیشکش کا عمل شروع کیا گیا ہے، تاہم یورو بانڈ کا حتمی اجرا عالمی مارکیٹ کی (بقیہ 63 نمبر صفحہ 3 پر)

راولپنڈی، شدید بارشوں کے باعث شہر پانی میں ڈوبا ہوا ہے

ایران مکمل طور پر ختم ہوچکا ہے، صدر ٹرمپ

انسانیت کیخلاف جرائم پر ایران پر جنگی جرائم کا مقدمہ چلایا جانا چاہیے

ایران کی فوج مکمل طور پر شکست خوردہ ہے، میں نے انہیں ہرا چکا ہوں اور کیا اب میں اس کے باوجود ان پر ایٹمی ہتھیاروں سے حملہ کردوں

ایران کے پاس نہ بحریہ ہے، نہ فضائیہ، نہ کرنسی، ایران اپنی فوج اور پولیس اہلکاروں کو تنخواہ نہیں دے پارہا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر ایران کو ناکام ریاست قرار دے دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران ختم ہوچکا ہے، ایران پر ایٹم بم سے حملے کے بارے میں سوال احمقانہ قرار دیدیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ٹرمپ سے صحافی نے (بقیہ 43 نمبر صفحہ 3 پر)

عوام امن و امان کے قیام کیلئے حکومتی کوششوں میں بھرپور تعاون کریں، گورنر

وقت آپہنچا ہے کہ ہر قسم کی دہشت گردی اور تخریب کاری کے خلاف پوری قوم اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے زیارت کراس ڈسٹرکٹ پشین اور نوکچہ ضلع چاغی میں دہشت گردانہ حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وقت آپہنچا ہے کہ ہر قسم کی دہشت گردی اور تخریب کاری کے خلاف پوری قوم اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ (بقیہ 42 نمبر صفحہ 3 پر)

بشکیک، وزیراعظم محمد شہباز شریف شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس کے موقع پر اعلامیہ پر دستخط کررہے ہیں

پاکستان نے امریکی ڈالر بینچ مارک یورو بانڈ جاری کرنے کا عمل شروع کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکی ڈالر بینچ مارک یورو بانڈ جاری کرنے کے لیے پیشکش کا عمل شروع کردیا ہے (بقیہ 44 نمبر صفحہ 3 پر)

عمان کے قریب ہرمز میں ٹینکر پر حملے کی اطلاع

لندن (این این آئی) برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز انٹیلی جنس نے کہا ہے کہ عمان کے قریب ایک واقعے کی اطلاع موصول (بقیہ 45 نمبر صفحہ 3 پر)

حکومت کو پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس ختم کرنا ہوگا، حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی کے تاجروں نے فیصلہ دیدیا 3 ستمبر کو ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال ہر صورت میں ہوگی

موٹر سائیکل سواروں سے بھی اربوں روپے لیوی وصول کیے گئے ہیں

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا گورنر ہاؤس کے باہر جاری دھرنے کے 17 ویں دن کراچی تاجروں کے نمائندہ کنونشن سے خصوصی خطاب (بقیہ 51 نمبر صفحہ 3 پر)

مختلف روٹس پر چلانے کیلئے 27 الیکٹرک بسیں خریدنے کا فیصلہ

ہ الیکٹرک بسیں کوئٹہ کے ان روٹس پر چلائی جائیں گی جن پر گریں اور پنک بسیں نہیں چلائی جارہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں محکمہ ٹرانسپورٹ نے مختلف روٹس پر چلانے کیلئے 27 الیکٹرک بسیں خریدنے کا فیصلہ کرلیا، الیکٹرک بسیں چین سے منگوائی (بقیہ 52 نمبر صفحہ 3 پر)

ساوتھ ایئر لائن کا بلوچستان میں فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا اعلان

صوبے میں سیاحت کا فروغ اور فضائی رابطوں کی بحالی اولین ترجیح ہے، سی ای او نشاط فاطمہ

کوئٹہ (یو این اے) ساوتھ ایئر لائن کی چیف ایگزیکٹو آفیسر نشاط فاطمہ نے کہا ہے کہ ایئر لائن کمپنی کی جانب سے بلوچستان میں فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا بنیادی مقصد صوبے میں سیاحت کو فروغ دینا اور بلوچستان کو ملک کے دیگر حصوں سے فضائی رابطوں کے ذریعے (بقیہ 53 نمبر صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

پمز میں آتشزدگی اور ہماری ذمہ داری!

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت پمز آتشزدگی کے افسوسناک واقعے سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، جس میں تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری رپورٹ وزیراعظم کو پیش کی گئی۔ اجلاس میں واقعے کی تقریباً دو منٹ پر محیط سی سی ٹی وی ویڈیو بھی دکھائی گئی۔ تحقیقاتی کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ کی روشنی میں وزیراعظم نے 8 افراد کو فوری طور پر معطل کرنے اور ان کے خلاف کارروائی کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ذمہ داران کے خلاف صرف محکمانہ کارروائی تک محدود نہ رہا جائے بلکہ فوجداری قوانین کے تحت بھی بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ وزیراعظم نے سیکیورٹی پر مامور کمپنی اور اس کے عہدیداران کے خلاف بھی کارروائی کی منظوری دے دی۔ تحقیقاتی کمیٹی کی بریفنگ میں بتایا گیا کہ پمز میں آتشزدگی یا کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تفصیلی ایس او پیز اور تربیت موجود نہیں تھی۔ پمز کے 13 ایس او پیز میں صرف دو ذیلی سیکشنز میں آگ یا ہنگامی صورتحال کا ذکر پایا گیا۔ واقعے کے وقت سپر وائزری اسٹاف بھی ڈیوٹی پر موجود نہیں تھا۔ بریفنگ کے مطابق آگ لگنے کے وقت وارڈ میں دو نرسیں، ایک خاتون گارڈ اور ایک ہاؤس آفیسر موجود تھے۔ تحقیقاتی کمیٹی کے مطابق آگ لگنے اور پورے وارڈ کے جلنے میں صرف دو منٹ کا مختصر وقت لگا۔ آگ لگنے کے 6 منٹ بعد ایمرجنسی سروسز کو کال کی گئی، جبکہ پہلا ایمرجنسی رسپانس 15 منٹ بعد پہنچا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وارڈ میں فائر الارم اور سپرنکلر سسٹم بھی موجود نہیں تھا۔ نیونیٹل وارڈ میں فائر سیفٹی سے متعلق عالمی ادارہ صحت کے قواعد کی خلاف ورزی بھی سامنے آئی۔

شہید غمخوار حیات

تحریر۔ عمران فریق

دامنہ دے ئے چندی سنگتاک خواست کننگ اسر کہ ساقی جی نا فلان شعرنا باروٹ نی انت پاسہ۔ اوفتا سوال آ ای تیثون سوچاٹ کہ ای انت پاروٹ؟

ہاں تینا پانگے اگہ تینے اسکان محدود تخیو یا بیرہ ہموسنگتا تسکان ہرادانا ورندی ئے خوارہ گڑا مننگ کیک ای گڑاس پاو ولے انت دنگا ہیتاک بیرہ منہ بند غا تسکان محدود تخنگرہ؟۔ یا انت ادبی سرحالاتے بیرہ تینے اسکان محدود تخنگ جوانوعمل کئے؟ یقین آخہ۔

گڑاد اشعر آ انتئے ہیت مف، ویل انتے؟ ویل دادے کہ ای ہراتم تنقیدی جاچ نا سلسلہ ئے بنا کریٹ او شاعرتا اسہ مہشون اس جوڑ کرسہ دا فہرست ئے مسہ بندغ تون شیئر کریٹ، اوفتیان اسٹ شہید غمخوار حیات اس ایلو اِرا پین خوک نا مہروان اسرہ تو اسہ مہروان اس دا فہرست آن گڑاس پن کشہ ہرا تنیٹی اسہ پن اس ساقی جی نا اسکہ۔

کنا سوال کننگا او ہندہ ورندی ئے تس کہ باز آ شاعرک داسکان علمی شرہ غا تیکن تیار افس اونی دا علاقہ غان مراس نے دا شاعرتا سا اف۔ ای پین سوال کتوٹ ولے شہید حیات صاحب ساقی جی نا پنے کشتو کنا ارفنگ آ ہندہ پارے "نی تینا جاچے ال او اُست آ کپر و"۔ تو ای ساقی نا غزل کئے آ ہیت کریٹ او پدتا ہندہ مس کہ گڑاس بندغ ہرا ادیب وَ نوشتہ کار تو الورہ کنے حوال کریر ہرا فتا ہیتا تیان ہندہ محسوس مس کہ دا ادب نا درگہ نا مہن آن ہم تدتنو ہراڑن ای مایوس متوٹ انتیکن او بندغاک نہہ ادب آن واجب اسرہ نہہ تنقید نا معنی آن۔

منہ دے آن گڈ سنگت اس ساقی جی نا غزل اس کنتون شیئر کرے، اودے خوانگان ای و لدہ مایوس متوٹ انتیکن کنے ہموسنگت نا ہیت یاد بس ہرا کہ ساقی نا پنے فہرست آن کشا۔

ای شہید غمخوار حیات کن ساقی نا ہندہ غزلے مہن تسوٹ تو او مخو کو ایمو جی اس مہن تس ولدہ شیف آ تا گڑاس لکھہ، "فریق یار، نی تینا ادبی کاریمتے برجاتخ دافتیا پام کپہ"۔

اینو دا شعر آ ہیت کننگان مست ای تیثون سوچاٹ کہ مہن نا جار ساقی کنکن غزل اس لکھا دا جار پکا ہجو اس لکھو ولے شہید غمخوار نا

ہیت او پنت کنا اُست آن انپک کہ نی تینا کاریے برجاتخ۔

بس ہو پنتے مہنا تخسہ ای دا شعر آ تینا ہیتا تے کننگ اُٹ۔

انتیکن ای سرپند مریوہ کہ براہوئی ادب نا کل آن بلا ویل ہندادے کہ نن ہیت کپنہ بلکہ دا ویل داسہ مچا بلوچستان نا ویل جوڑ مسونے کہ ہر بندغ ہیت کننگ آن اڑز کیک۔

برینہ شعرنا کنڈہ۔ ساقی جی نا شعر داوڑئے:

ملا درود خوانے او مزہ باٹی تہ اف
ساقی کرینگ اینے او نازبانے شیرین

دا شعرئے خوانگان او نا معنی وَ شاعرنا مقصد اڑتو ماک بیدس ہچو مشکل کئے آن ننے آ پاش مریوہ انتیکن نہہ دا شعر مبہم او شعر ئے نہہ رمزی او، نہہ کہ دا ٹی ایہام وَ تعریض ہرے۔

دا شعر بدیع نا ارا صنعت اٹ استعمال مسو نے اسٹ ئے پارہ "مقابلہ "ایلوئے پارہ" لف ونشر بالترتیب"۔

مقابلہ نا دا صنعت نا مطلب دادے کہ دا ٹی ارا کردار نا مقابلہ ئے اسٹ "ساقی" ایلو "مُلا"۔

لف ونشر نا مطلب دادے کہ او لیکو مصرعہ ٹی مُلا نا حوالہ اٹ مسہ ہیت کننگانے، او لیکو "مُلا نا کردار"، ارٹمیکو "درود"، مسٹمیکو "مزہ اف"۔

ارٹمیکو مصرعہ ٹی "ساقی نا کردار"، ارٹمیکو "کرینگ" وَ مسٹمیکو "شیرین"۔

لف ونشر نا ترتیب داوڑ تخنگانے کہ ملا درود خوانک تو باٹی تا مزہ اف
ساقی کرینگ اینک او نازبانے شیرین۔

یعنی "درود" نا مقابلہ ٹی "کرینگ ئے"۔

"مزہ اف" نا مقابلہ ٹی "شیرین ئے"۔

شعر نا تہٹی ساڑی آ لوزاتے او فتا حقیقی او مجازی معنی ٹی ہرن تو ایلو کل لوز اک تینا جاگہ غا واضح او ہچو مجازی معنی اس الوک اف بیرہ اِرا دنو لوز او ہرافتیا ننے مچے پام کروئی ئے اسٹ "مُلا" ایلو "ساقی"۔

مُلا نا کردار داڑے پاشے ہچو ابہام اس اف انتیکن او نا کردارے شاعر داوڑ پاش کرینے کہ او درود خوانک ولے باٹی دا مزہ اف۔

روایتی غزل ٹی مُلا نا دا کردار باز وار استعمال مسونے یعنی جاگس مُلا تینا حقیقی معنی یعنی "دین نا عالم"، "دین خوانفوک" ٹی النگانے تو جاگس روایتی غزل ٹی "ظاہری عبادت کروکا"، "تنگ نظر"، "واعظ"، یعنی پنت وَ نصیحت کروکا نا معنی ٹی۔

روایتی غزل ٹی خاص وڑٹ فارسی وَ اردو ٹی ٹی ساقی نا استعاراتی معن polysemous ئے یعنی کثیر المعنی ٹی استعمال مسونے۔ جاگس "شراب کنفوک"، جاگس "محبوب"، جاگس مرشد تو جاگس سنگت او پین پین او حقیقی معنی تا شراب کنفوکا نائے، جام تروکا نا۔

ولے ہر شعر نا معنی ئے ہموشعر نا کونٹیکسٹ یعنی شعر نا سیاق وسباق، شعر نا سرحال وَ شاعر نا اُسلوب (او نا استعاراتی نظام نے پانک) تو داڑے داکل گڑا تیا پام کنگان نے دا سماتمک کہ شاعر مُلائے ایلو کردار ہرا "ساقی" ئے او نا مقابلہ ٹی شیف او کردار اس ظاہر کرینے۔ شعر نا دا مُلا ظاہری عبادت کرو کو مُلا ئسے او نا باطن اٹ دنو جوانی اس اف کہ او نا ہیتاک شیرین مریر، بنوکاتے ہنین لگر، او نا روح وَ ضمیر نا خرینی نا سوب آن او نا ہیتاک ہم خرین وَ بے مزہ او یعنی شعر ٹی ساقی ملا غان افضلے۔

داسہ سلیس ایلو سوج کہ لوز "درود" نا حقیقی معنی انتئے او شاعر ہرا معنی ٹی اکلنے تہ؟۔

لوز درود اسل (جاری)

فنِ اصلاحِ سخن کا ایک مخلص پاسبان، رشید حسرت

اردو ادب کی دنیا میں شعر کہنا بلاشبہ ایک تخلیقی عمل ہے، مگر شعر کو فنی معیار پر پرکھنا، اس کے محاسن و معائب کی نشان دہی کرنا اور اسے قواعدِ سخن کے مطابق سنوارنا ایک الگ بصیرت کا تقاضا کرتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ایک صاحبِ علم وفن استاد کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

پاکستان سے تعلق رکھنے والے محترم جناب رشید حسرت صاحب اردو ادب، خصوصاً شعر و شاعری، علمِ عروض اور تقطیع کے میدان میں نمایاں ذوق اور گہری بصیرت رکھنے والی شخصیت ہیں۔ ان کی خاص خوبی یہ ہے کہ وہ محض اشعار کو وزن پر نہیں پرکھتے بلکہ خیال، زبان، اسلوب، قافیہ، ردیف اور شعری روایت کے تمام پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے اصلاح فرماتے ہیں۔

راقم کو بھی عرصہ سے ان کی شفقت اور رہنمائی حاصل ہے۔ جب بھی کوئی غزل، منقبت یا شعری کاوش ان کی خدمت میں اصلاح کی غرض سے پیش کی، انہوں نے اپنی مصروفیات کے باوجود بروقت توجہ فرمائی۔ ان کی اصلاح میں ایک استاد کی شفقت، ایک صاحبِ فن کی باریک بینی اور ایک مخلص رہنما کی خیر خواہی نمایاں ہوتی ہے۔

جناب حسرت صاحب کی ایک نمایاں خوبی یہ ہے کہ وہ اصلاح کو صرف خامیوں کی نشان دہی تک محدود نہیں رکھتے بلکہ شعر کے حسن کو ابھارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کبھی کسی لفظ کی نشست بہتر فرماتے ہیں، کبھی وزن و بحر کی طرف توجہ کرتے ہیں اور کبھی کسی مصرع یا شعر میں ایسی تراش خراش عطا فرماتے ہیں کہ کلام کی تاثیر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

شاعری کے میدان میں نئے لکھنے والوں کے لیے ایسے اساتذہ کی موجودگی ایک نعمت سے کم نہیں۔ آج کے دور میں جب بعض اوقات فنی اصولوں سے بے اعتنائی کو جدت کا نام دیا جاتا ہے، وہاں رشید حسرت صاحب جیسے اہلِ علم حضرات شعری روایات، عروضی اصولوں اور زبان کے حسن کی حفاظت کر رہے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ میں واحد شخص نہیں جس پر ان کی شفقتوں کا سایہ ہے۔ نہ جانے کتنے شعرا اور سخن کے طالب علم ان کی رہنمائی سے فائدہ اٹھا رہے ہوں گے، اور کتنے کلام ان کی خاموش محنت سے مزید نکھر کر اہلِ ذوق تک پہنچ رہے ہوں گے۔

ایسے اہلِ فن کی قدر کرنا دراصل ادب کی قدر کرنا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب رشید حسرت صاحب کو صحت، عمر، علم اور ذوقِ سخن میں مزید برکت عطا فرمائے، اور ان کی یہ اصلاحی و ادبی خدمات دیر تک اردو ادب کی سیراب کرتی رہیں۔

محمد مطیب احسن مالیگاؤں مہاشٹر (انڈیا)

خواہشوں کے تعاقب میں

تحریر۔ زینب مجاہد زادہ

صابرہ اپنی دو بہنوں اور ناتوان والدین کے ساتھ رہتی تھی۔ بابا جان گھر کے پاس والے اسکول میں بطور چوکیدار ملازمت کرتا اور امی بہت کمزور اور ناتوان ہونے کے سبب گھر میں رہتی۔ صابرہ بہنوں میں بڑی ہونے کے ناتے بہت سی مشکلات سے گزر رہی ہوتی تھی جس میں گھر کا راشن، کرایہ، بل اور بہنوں کے اسکول کی فیس۔ اس نے بی۔ ایس کر لی تھی اور ایک سرکاری اسکول میں بطور استانی مقرر ہوئی تھی۔

ایک دن انہیں پھوپھو کے ہاں دعوت میں بلایا جاتا ہے۔ پھوپھو کا گھر ان کے گھر سے ایک گھنٹے کی دوری پر تھا۔ جب مہمان سب آ پہنچتے ہیں تو پھوپھو کی بیٹی مہمانوں کو خوش امدید کہنے چبوترے پر بیٹھک میں آ جاتی ہیں۔ اس نے حال ہی میں ایک نیا سونے کا کنگن خریدا تھا اور آتے ہی اسی کی شوخیاں مارنے لگی۔ بے بے بات کلائی ہلا ہلا کر مہمانوں کو اس کنگن کا درشن کیے جا رہی تھی۔

صابرہ کی نظر کنگن پر پڑی تو اس کے دل میں ایک شور سی مچ گئی۔ اس کو کزن کی کنگن بے حد پسند آئی۔ وہ حسرت بھری نگاہوں سے کنگن کو دیکھنے اور دل ہی دل میں کہنے لگی کہ کاش اس کے پاس بھی ایک ایسا ہی کنگن ہو جس کی چمک دھمک لوگوں کو اپنی طرف راغب کر سکے۔

اس پل یوں لگ رہا تھا کہ صابرہ اپنی کزن سے کنگن کی بناء پر جل رہی تھی اس نے وہی عہد کر لیا کہ وہ اسی طرح کی کنگن خریدے گی۔ جب دعوت ختم ہو کر سب اپنے گھروں کو لوٹ رہے تھے تو صابرہ کے دل کو قرار نہ آیا اور اس نے پھوپھو کی بیٹی سے معلوم کی کہ اس کے کنگن کی کیا قیمت ہے تو پھوپھو کی بیٹی نے ہنس کر اس کے بازو پر ہاتھ دے مارا اور طنزیہ انداز میں کہا۔

"صرف ڈھائی لاکھ"

اس نے کہا کہ وہ کنگن ویسے تو کافی مہنگا ہے اور ہر کسی کے بس کی بات نہیں لیکن صابرہ اس سے سستے والا لے سکتے ہو۔

یہ کہہ کر وہ زور زور سے ہنسنے لگی۔ خس پر صابرہ کو غصہ تو بہت آیا مگر سمجھ گئی کہ سوال بھی تو اس نے خود پوچھی تھی اور جواب ملنے پر وہ برداشت کر گئی کیونکہ صابرہ پھوپھو کی بیٹی کے مزاج سے خوب واقف تھی۔ جب صابرہ گھر پہنچی تو اس فکر میں گرفتار ہو گئی کہ کیسے بھی کر کے اس نے وہ کنگھن خریدنی ہے۔ اس نے سوچا کہ اسکول پڑھانے کے ساتھ ساتھ وہ کوئی اور کام بھی کرے گی۔ اس نے سلائی کڑھائی کا کام بھی شروع کیا اور رات کو 10 بجے تک محلے کے بچوں کو ٹیوشن پڑھانے کے بعد وہ کپڑے سیتی۔

اس طرح دیر رات تک اس کے کمرے میں بلب جلتا۔ پورا پورا دن کام کرنے کے بعد وہ رات بھی کام میں مصروف ہوتی جس کی وجہ سے نا اسے اپنے صحت کا خیال ہوتی نا ہی اسے کاموں سے فرصت ہوتی کہ خود پر تھوڑی توجہ دیتی۔ بس ایک ہی بت اس کے سر پر سوار تھی کہ کیسے بھی کر کے اس نے ڈھائی لاکھ روپے کما کر وہ کنگن خریدنا ہے۔

اسی طرح مہینے گزر گئے اور سال کے اختتام میں جب اس نے اپنی بچت پر نظر ڈالی تو وہ ڈھائی لاکھ سے بھی زیادہ ہو گئی تھی۔ اس دن اس کی خوشی کی انتہا ہی نہ تھی۔ اس نے اپنی امی کو ساتھ لئے بازار کی طرف روانہ ہوئی۔ وہ سونے کی دکان جا کر ویسے ہی کنگن دیکھ کر خوش ہو جاتی ہے۔ اس نے وہ کنگن ہاتھ میں ڈالی اور آئینہ کے سامنے کھڑی ہوئی جیسے ہی اس نے آئینہ میں خود پر نظر پھیری وہ ایک دم سے چلا اٹھی۔ اس کی امی جلدی سے اس کے پاس آ کر دیکھتی ہے کہ صابرہ خود کو دیکھ کر ڈر گئی ہے۔ دراصل صابرہ نے آئینہ میں خود کو نہیں بلکہ ایک کمزور سی عورت جس کے بال بکھرے ہوئے اور اتنی درشت کے جاڑ رو ں سے بھی بدتر، ہاتھوں کی پوست پارہ پارہ اور تو اور ہاتھ بھی ایسی کہ جس کی رگیں باہر اور ہڈیاں صاف گننے کے قابل، رنگ ایک دم پیکھا پڑا ہوا۔ آنکھوں کے زیر سیاہ حلقے، یقیناً اس نے مہینوں بعد خود کو آئینہ میں دیکھا تھا۔ دن رات مشقت کرنے کے بعد جو پیسے اس نے کنگن کے لئے اکھٹے کی تھی کیا وہ ہاتھ اب وہی ہاتھ ہے جس پر کنگن جھجتی ہو؟

آنسوں آنکھ سے ٹپکتے ہوئے اس نے کہا:

کھو دی ہے اک عمر جوانی کی تیرے پیچھے۔
آس اب رہی بھی نہیں کسی چیز کی مجھے۔
رات اور دن ایک کر کے آئی جو تیرے در پر۔
اب نہیں کرنا کسی آس کی آس بھی مجھے۔ اب اس کو یہ احساس ہوتی ہے کہ زندگی کی مادی ضروریات کو پورا کرنے میں دوسروں سے سبقت لے جانا کوئی سعادت کی بات نہیں ہے۔

منتخب غزل۔۔۔ عجب سائل

مسلسل ہجر کا غم دے گیا ہے
مری آنکھوں کو شبنم دے گیا ہے
مُجھے تاریک راتوں کو اجالا
دیا جلتا وہ مدھم دے گیا ہے
مری محفل سجانے کے لیے وہ
مُجھے تنہائی پیہم دے گیا ہے
نہ پوچھو دل میں کیا کہرام برپا
کہ جب سے ہجر ماتم دے گیا ہے
کمی کوئی نہیں سائل دکھوں کی
غنیمت ہے جو ہمدم دے گیا ہے۔

نجانے مُجھ سے کیا پُوچھا گیا تھا
مگر لب پر ترا نام آ گیا تھا
مُحیط اِک عمر پر ہے فاصلہ وہ
مری جاں بیچ جو رکھا گیا تھا
سُنو سرپنچ کا یہ فیصلہ بھی
وہ مُجرم ہے جسے لوٹا گیا تھا
بٹھایا سر پہ لوگوں نے مجھے بھی
لِباسِ فاخرہ پہنا گیا تھا
اُسے رُخ یُوں بدلتے دیکھ کر میں
چُھپا جو بُدعا تھا پا گیا تھا
نہیں جانا تھا مُجھ کو اس نگر کو
کسی کا حکم آیا تھا، گیا تھا
فقط کچھ دِن گزارے سُکھ میں میں نے
پھر اس کے بعد بادل چھا گیا تھا
نہیں وہ شخص تو اب جانا کیسا
جہاں میں مدتوں آیا گیا تھا
رشید اُس نے ہی سُولی پر چڑھایا
جو بچّہ غم کا اِک پالا گیا تھا

رشید حسرت

پیش کئے گئے مطلعے پر مکمل غزل حاضر، خدمت ہے

جہاں آراء تبسّم

اب مجھ پہ اک دید کی
کوئی تیر نہ حسرت میں کئی
تلوار چلے
مجھ پر مری مرضی مرے سرکار چلے گی
تم میری محبت ہو، مرا مان ہو جاناں
اب اور کوئی بحث نہ تکرار چلے گی
اب آپ کی چلنے نہیں دوں گی میں کہیں بھی
اب آپ کی ہر چال ہی بے کار چلے گی
سننے میں یہ آیا ہے کہ تتلی ہے فسردہ
تادیر نہ آرائش، گلزار چلے گی
سرخم نہ کریں گے کسی چوکھٹ پہ دوبارہ
اب اپنی محبت میں انا یار چلے گی

روز سے ہم ہیں
کیا اب یہ طبیعت یونہی بیمار چلے گی؟
وہ آئیں گے محفل میں تو چمکے گا مقدر
رونق یہ سر، کوچہ و بازار چلے گی
اظہارِ تمنا سے وہ مکریں گے کہاں تک
آنکھوں سے جو یہ لہر، پُراسرار چلے گی
تسلیم کیا تم نے بھی اعجازِ نظر کو
اب دِل پہ حکومت بھی مرے یار چلے گی
ملنے کی کوئی راہ نکالیں گے کسی دن
کب تک بھلا یہ ہجر کی دیوار چلے گی

عشق یک طرفہ ہوتا ہے

تحریر۔ رضا بلوچ

"محبت ایک پاک جذبہ اور عبادت ہے، جسے آج کل ایک مذاق اور فریب بنا دیا گیا ہے"۔ بظاہر یہ ایک سادہ سا جملہ ہے، لیکن اگر ہم عصرِ حاضر کے سماجی بگاڑ، اخلاقی تنزلی اور رشتوں کی بے ثباتی کا گہرا مائیکروسکوپک جائزہ لیں، تو یہ اقتباس اس مادی اور مشینی دور کا وہ نوحہ ہے جہاں جذباتی سچائیاں، وقتی مفادات کی بھینٹ چڑھ چکی ہیں۔ یہ ہمارے معاشرے کی دم توڑتی اخلاقیات پر ایک ایسا سنگین سوالیہ نشان ہے جس کا جواب ڈھونڈنا اب ناگزیر ہو چکا ہے۔

محبت ایک لازوال، بے لوث اور گہرا جذباتی لگاؤ ہے۔ یہ صرف دو انسانوں کے درمیان پیار، خلوص اور الفت کا نام نہیں، بلکہ یہ کائنات کو جوڑنے والا وہ جذبہ ہے جو خود کی ذات سے لے کر کائنات کی ہر شے تک محسوس کیا جا سکتا ہے۔

محبت کی چند اہم اقسام:

* عشق: محبت کی انتہا اور جنون کی کیفیت کو عشق کہا جاتا ہے۔
* خود سے محبت: اپنی ذات کو قبول کرنا اور اپنی قدر کرنا بھی محبت کی پہلی سیڑھی ہے۔
* انسانی رشتے: والدین، بہن بھائیوں اور دوستوں کے مابین شفقت اور خلوص کا رشتہ۔

ادب اور شاعری میں محبت کا مقام بہت بلند ہے۔ انسانی تاریخ، فلسفہ اور عالمی ادب گواہ ہیں کہ محبت ہمیشہ سے تہذیبوں کی روح اور کائنات کا اصل حسن رہی ہے۔ صوفیانہ روایات اور کلاسیکی فکر میں اسے محض ایک جبلت نہیں، بلکہ روح کی بالیدگی اور خدائی صفت مانا گیا ہے۔ صوفیائے کرام کے ہاں محبتِ مجازی (انسان سے پیار) دراصل محبتِ حقیقی (خالق سے لو لگانا) کا پہلا زینہ ہے۔ جب محبت میں خلوص، بے غرضی اور احترام شامل ہو، تو وہ واقعی عبادت بن جاتی ہے، جہاں انسان اپنی انا کو مٹا کر محبوب کی رضا میں گم ہو جاتا ہے۔ اردو ادب کے عظیم شاعر میر تقی میر نے کائنات کے اس الٰہی نظام کی عکاسی کرتے ہوئے کہا تھا:

عشق ہی عشق ہے جہاں دیکھو
سارے عالم میں بھر رہا ہے عشق

اور اسی جذبے کے پاکیزہ تقدس کو احمد ندیم قاسمی نے اپنے اس لافانی شعر میں یوں سمویا:

عبادت کی طرح ہم نے کیا ہے احترام اس کا
محبت کو محبت کی طرح رہنے دیا ہم نے

اور بقول ڈاکٹر لبنیٰ "عکس" صاحبہ:

"محبت اور عشق کے درمیاں یہ فرق ہے کہ محبت دو طرفہ ہوتی ہے، جبکہ عشق یک طرفہ ہوتا ہے"

بدقسمتی سے اکیسویں صدی کی مادی دوڑ، لبرل کنزیومرازم (Consumerism) اور سوشل میڈیا کے سستے گلیمر نے ہماری جذباتی گہرائی کو سطحی بنا دیا ہے۔ آج ہم ایک ایسے عالمی المیے یعنی "تھرو اوے کلچر" (CultureThrowaway) میں جی رہے ہیں جہاں چیزوں کی طرح انسانوں، جذبوں اور رشتوں کو بھی عارضی افادیت (Utility) کے تحت استعمال کر کے پھینک دیا جاتا ہے۔ نامور مصنفہ اور شاعرہ ڈاکٹر لبنیٰ عکس نے اسی فکری و جذباتی یکسوئی کو کیا خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے:

یا تو ہوتا ہے یا نہیں ہوتا
عشق میں شائبہ نہیں ہوتا

مگر افسوس! آج کا انسان اسی 'شائبے'، شک اور عارضی پن کے گرد رشتوں کی بنیاد رکھ رہا ہے۔ جدید دور کے اسی المیے اور جذباتی کھوکھلے پن کو عبیداللہ علیم نے یوں محسوس کیا تھا:

وہ دور اور تھا کہ محبت تھی اک عبادت
اب تو یہ مشغلہ ہے، ضرورت ہے، کھیل ہے

اس "کھیل" کا سب سے بھیانک، تاریک اور شرمناک پہلو وہ گھناؤنا فریب ہے جس کا شکار آج کے معصوم اور جذباتی طور پر ناپختہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ہو رہے ہیں۔ ڈیجیٹل اسکرینز اور فیک آئی ڈیز کے پیچھے چھپے ہوئے نفسیاتی شکاری (Digital Predators)، محبت کے اس پاکیزہ نام کو ایک باقاعدہ "بلیک میلنگ انڈسٹری" اور "مالی لوٹ مار" کا ذریعہ بنا چکے ہیں۔ معصوم جذبات کا سودا کرنا، وفاداری کے کھوکھلے دعوے کر کے کسی کی عزت اور زندگی کو تماشہ بنا دینا، اور پھر مالی یا جنسی مفادات کے لیے بلیک میل کرنا بدترین اخلاقی دیوالیہ پن اور ضمیر کی موت ہے۔

محبت کے نام پر ہونے والا یہ کھلواڑ صرف ایک سماجی برائی نہیں، بلکہ ایک سنگین اخلاقی اور قانونی جرم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ یہ ان لٹیروں کی ذہنی پستی اور کمینگی کا ثبوت ہے جو ایک مقدس جذبے کی آڑ میں اپنی ہوس اور مادی لالچ کی پیاس بجھاتے ہیں۔ اس گھناؤنے کھیل نے حقیقی رشتوں پر سے نوجوان نسل کا اعتبار ہی اٹھا دیا ہے، جس کے نتیجے میں معاشرے میں ڈیپریشن، شدید تنہائی اور نفسیاتی امراض کی ایک عالمی وبا پھیل رہی ہے۔ رشتوں کی اس منافقت اور بے حسی پر وسیم بریلوی کا یہ شعر بالکل صادق آتا ہے:

لوگ ملتے ہیں تو مٹنے کی دعا دیتے ہیں
آج کے دور میں تعویزِ وفا دیتے ہیں

ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ جب تک ہم اپنے خاندانی نظام، تعلیمی اداروں اور میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی اخلاقی تربیت نہیں کریں گے، جب تک رشتوں میں "خلوصِ دل"، "حیا"، "صبر" اور "احترام" کو واپس نہیں لائیں گے، تب تک محبت صرف ایک مادی کھلونا اور فریب کا آلہ بنی رہے گی۔ ہم سب کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ اگر ہم نے اپنے جذباتی نظام (جاری)

آیا تیرا خیال بڑی مدتوں کے بعد
پوچھا کسی نے حال بڑی مدتوں کے بعد
لکھتا تو ہے وہ خط مجھے چاہت بھرا مگر
ہوتا ہے یہ کمال بڑی مدتوں کے بعد
آئی ہے آج یاد بھی تیری ہوا کے ساتھ
اوڑھی ہے غم کی شال بڑی مدتوں کے بعد
اس کو جواب دینے کی جلدی مجھے ہے کیوں
جس نے کیا سوال بڑی مدتوں کے بعد
لکھا ہے اس نے خط میں آؤں گا اگلے سال
گزرے گا اب یہ سال بڑی مدتوں کے بعد
ترکِ تعلقات میں اس کا ہے دکھ اداسؔ
ہم کو ہوا ملال بڑی مدتوں کے بعد
شاعرہ: راشدہ اداسؔ

قدم قدم پہ لطف ہم اٹھانے لگ گئے
حیات حادثے حسیں بنانے لگ گئے
میاں کسی نے دی نگر بسانے کی صدا
نکل کے دشت سے سو مجنوں آنے لگ گئے
تمھیں جو منزلیں بہت ہی آساں ہیں لگی
وہ پانے میں ہمیں تو ہیں زمانے لگ گئے
جی دشت میں ہمارا جس سے لگا نہیں
تو نت نئے دیار ہم بسانے لگ گئے
سیاہی ہر سو پھیل جب گئی دیار میں
صراط جگنو کچھ ہمیں دکھانے لگ گئے
ہمارے دل پہ چھائی تھیں خزائیں جس سے
حسیں نظارے بھی ہمیں تھکانے لگ گئے

ہمیشہ ساتھ رہنے کی عادت کچھ نہیں ہوتی
جو لمحے مل کے جی لو ریاضت کچھ نہیں ہوتی
جسے محرومیاں ملی ہوں وہی جان سکتا
زبانی حوصلہ جھوٹی مروت کچھ نہیں ہوتی
کئی رشتوں کو جب پرکھا نتیجہ ایک ہی نکلا
ضرورت ہی سب کچھ ہے محبت کچھ نہیں ہوتی
کسی نے چھوڑ کے جانا ہو تو چھوڑ ہی جاتا ہے
بچھڑنا ہو تو پھر صدیوں کی رفاقت کچھ نہیں ہوتی
تعلق ٹوٹ جائے تو سفینے ڈوب جاتے ہیں
یہ سب کہنے کی باتیں ہیں حقیقت کچھ نہیں ہوتی

بقیہ 1

ہاؤس پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کی اس بہیمانہ کارروائی میں 10 اہلکاروں کی شہادت اور سینکڑوں گاڑیوں اور سرکاری املاک کو نذرِ آتش کرنا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر اپنے بزدلانہ اور انسانیت دشمن عزائم کا اظہار کیا ہے مگر دشمن کے ایسے منفی اور بزدلانہ ہتھکنڈے پاکستانی قوم کے عزم، حوصلے اور قومی یکجہتی کو کسی صورت متزلزل نہیں کر سکتے۔ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم ایک صفحے پر ہے اور ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور ان کے خون کا حساب قانون اور ریاستی طاقت کے ذریعے لیا جائے گا۔ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت معافی نہیں ملے گی اور بہت جلد سیکیورٹی ادارے دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے انہیں ان کے انجام تک پہنچائیں گے۔ میر علی حسن زہری نے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے محافظ اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر وطن کے امن اور سلامتی کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں۔ پوری قوم اپنے بہادر سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی قربانیوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل صفایا کیے بغیر چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ ریاست دشمن عناصر کو واضح پیغام ہے کہ پاکستان کے خلاف سازشیں کرنے والوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ اپنے منطقی انجام تک پہنچائی جائے گی اور ملک دشمن عناصر کا آخری ٹھکانہ بھی ختم کیا جائے گا۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند، محبِ وطن اور پاکستان سے بے پناہ محبت کرنے والے لوگ ہیں۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے پیدا کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ دہشت گردی، انتہا پسندی اور ملک دشمن قوتوں کے عزائم کو مسترد کیا ہے اور آئندہ بھی ریاست کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔

بقیہ 2

شہر کے تمام اہم کاروباری مراکز اور بازار مکمل طور پر بند رہے، جس کے باعث شہر میں کاروباری سرگرمیاں معطل اور سڑکوں و بازاروں میں غیر معمولی سناٹا دیکھنے میں آیا۔ ہڑتال کے دوران تاجر برادری اور انجمن تاجران نے رند پیٹل کی کال پر بھرپور تعاون کرتے ہوئے وڈیرہ محمد رفیق کھوسہ سے اظہارِ یکجہتی کیا اور ڈکیتی کے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کیا اس موقع پر وڈیرہ علی احمد رند نے تاجر برادری، انجمن تاجران اور ڈھاڈر کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ رند پیٹل کی جانب سے شٹر ڈاؤن ہڑتال کا مقصد کسی فرد یا ادارے کے خلاف احتجاج کرنا نہیں بلکہ علاقے میں بڑھتی ہوئی بدامنی، چوری اور ڈکیتی کے واقعات کے خلاف عوامی آواز کو مؤثر انداز میں حکام تک پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وڈیرہ محمد رفیق کھوسہ ایک معزز زمیندار اور قبائلی بزرگ رہنما ہیں، ان کے ساتھ ڈکیتی کا واقعہ پورے علاقے کے لیے باعثِ تشویش ہے وڈیرہ علی احمد رند نے کہا کہ ڈھاڈر اور کچھی میں چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کے واقعات نے عام شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ لوگ اپنے گھروں، کاروبار اور جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے پریشان ہیں، جبکہ سفید پوش اور عزت دار شہری بھی عدم تحفظ کے احساس کے باعث گھروں تک محدود ہونے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی نہ کی گئی تو اس کے منفی اثرات پورے معاشرے پر مرتب ہوں گے

بقیہ 3

اور سیٹیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کراچی میں کے الیکٹرک کے ہیڈ آفس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر سید محمد طٰحٰہ سے اہم ملاقات کی، جس میں حب کے عوام کو درپیش بجلی کے سنگین مسائل کے فوری اور مستقل حل پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں حب میں بجلی کی طویل بندش، غیر معمولی لوڈشیڈنگ، 24 گھنٹے بند رہنے والے فیڈرز، نئے بجلی کنکشنز، بجلی چوری اور عوام کو درپیش دیگر مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات کے دوران حب کے عوام کے لیے اہم ریلیف پیکیج پر اتفاق کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ اس وقت 24 گھنٹے مکمل طور پر بند رہنے والے چار پی ایم ٹی فیڈرز پر ابتدائی طور پر 8 گھنٹے بجلی فراہم کی جائے گی۔ بجلی کی فراہمی کا یہ سلسلہ آج رات سے شروع کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ اس موقع پر طے پایا کہ ابتدائی مرحلے میں چار فیڈرز پر 8 گھنٹے بجلی فراہم کی جائے گی، جبکہ صورتحال میں بہتری کے ساتھ بجلی کی فراہمی کے دورانیے میں مرحلہ وار مزید اضافہ کیا جائے گا۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد حب کے عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا اور 24 گھنٹے بجلی کی بندش کے باعث پیدا ہونے والی شدید مشکلات کا ازالہ کرنا ہے۔ میر علی حسن زہری اور سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ حب کے عوام طویل عرصے سے بجلی کے بحران کی اذیت برداشت کر رہے ہیں، اب انہیں مزید اندھیروں میں نہیں رکھا جا سکتا۔ بجلی کی مسلسل بندش نے نہ صرف گھریلو زندگی کو متاثر کیا ہے بلکہ کاروباری سرگرمیوں، صنعت اور روزگار کے مواقع پر بھی منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حب کی اکثریتی آبادی اس وقت مالی مشکلات سے دوچار ہے، اس لیے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے بجلی کے بلوں میں ممکنہ رعایت اور مالی ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے بھی کے الیکٹرک انتظامیہ سے بات چیت کی گئی ہے

بقیہ 4

کالجز کے پرنسپلز میں کتابیں تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ موجودہ حکومت صوبے میں تعلیم کے فروغ اور تعلیمی اداروں میں طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکالرشپس، بسوں اور لیپ ٹاپس کی فراہمی کے بعد اب کالجز کی لائبریریوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جبکہ کتابوں کی تقسیم اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ معیاری کتابیں طلبہ کے علمی، تحقیقی اور فکری معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں

بقیہ 5

پیش آئی، جہاں چھ مسلح افراد دو موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر پہنچے اور میرے ہوٹل سے مبینہ طور پر 4 لاکھ روپے نقد چھین لیے۔ میر عمر خان پرکانی کے فرزند میر خیر جان پرکانی اور میر عبدالعزیز پرکانی سمیت دیگر نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان نے ہمارے ہوٹل سے 2026 ماڈل کی ایک موٹر سائیکل اور چار پنج موبائل فونز بھی مبینہ طور پر چھین لیے، جبکہ واردات کے وقت کوئٹہ جانے والی دو مسافر بسیں بھی ہوٹل پر موجود تھیں جنہیں بھی مبینہ طور پر لوٹ لیا گیا۔ مسافروں کے مطابق مسلح افراد نے دونوں بسوں میں موجود خواتین سے مبینہ طور پر زیورات، نقدی اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا، جبکہ دونوں بسوں سے مجموعی طور پر تقریباً 50 سے 60 موبائل فونز بھی مبینہ طور پر لوٹ لیے گئے۔ میر خیر جان پرکانی کے مطابق واردات میں مجموعی طور پر چھ افراد شامل تھے، جو دو موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر آئے تھے، جبکہ بعض افراد کے پاس مبینہ طور پر اسلحہ بھی موجود تھا۔ واردات کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ مسافروں اور کاروباری افراد میں بھی تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ میر خیر جان پرکانی اور میر عبدالعزیز خان پرکانی نے بتایا کہ واقعے کے خلاف انہوں نے اپنی برادری سمیت احتجاج کی کال دی تھی، تاہم آج انہوں نے ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر سے ملاقات کی۔ ان کے مطابق ایس ایس پی نصیر آباد نے انہیں یقین دہانی کرائی کہ آٹھ روز کے اندر ملزمان کو گرفتار کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے جبکہ لوٹا گیا نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل، زیورات اور دیگر سامان بھی برآمد کرایا جائے گا۔ میر خیر جان پرکانی کا کہنا تھا کہ ایس ایس پی نصیر آباد کی یقین دہانی کے بعد انہوں نے فی الحال احتجاج ختم کر دیا ہے، تاہم اگر ایک ہفتے کے اندر ملزمان گرفتار نہ ہوئے اور انہیں انصاف فراہم نہ کیا گیا تو وہ دوبارہ احتجاج کا راستہ اختیار کریں گے، جو ان کا قانونی و جمہوری حق ہے۔ میر خیر جان پرکانی نے کہا کہ کوئٹہ روڈ پر آئے روز ڈکیتی کی وارداتوں کے باعث مسافر خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگے ہیں

بقیہ 6

50 سال مقرر کی گئی ہے۔ حکومت بلوچستان نے واضح کیا ہے کہ کسی بھی اتھارٹی کی جانب سے ان مقررہ حدود سے مزید بالائی عمر میں رعایت نہیں دی جائے گی۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ عمومی عمری رعایت ان آسامیوں پر لاگو نہیں ہوگی جہاں متعلقہ سروس رولز کے تحت پہلے ہی زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 43 سال سے زائد مقرر ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بالائی عمر کی حد میں دی گئی یہ رعایت نوٹیفکیشن کے اجرا کی تاریخ سے تین سال کے لیے مؤثر رہے گی اور اس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔

بقیہ 7

گامزن ہے میرین ڈرائیو سولرائزیشن منصوبہ تکمیل کے آخری مراحل میں، اسٹریٹ لائٹس کی بحالی سے شاہراہ کی رونقیں بحال ہوگی ہیں منصوبے کے تحت بوٹ بیسن سے سید ظہور شاہ ہاشمی چوک تک متاثرہ اسٹریٹ لائٹس کو بحال کر کے سولر سسٹم پر منتقل کیا جا رہا ہے، جس سے طویل لوڈشیڈنگ کے دوران بھی شاہراہ کی روشنی برقرار رہے گی اور بجلی کے اخراجات میں کمی کے ساتھ قابلِ تجدید توانائی کے استعمال کو فروغ ملے گا سولرائزیشن سے روایتی کیبلز پر انحصار اور کیبل چوری کی شکایات میں بھی کمی متوقع ہے۔ اسٹریٹ لائٹس کی بحالی سے میرین ڈرائیو کی خوبصورتی اور رات کے اوقات میں شہریوں کے لیے سہولت و تحفظ کا احساس دوبارہ نمایاں ہونے لگا

بقیہ 8

میونسپل کمیٹی گنداخہ کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد عوامی خدمت، شہری فلاح و بہبود اور اجتماعی مفاد کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا ہے، جو لائقِ تحسین اور قابلِ ستائش امر ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں سیاسی و سماجی رہنماؤں اور عوامی حلقوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی محض عہدہ نہیں بلکہ ایک بڑی ذمہ داری ہے اور ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے اس ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھانے کے لیے اپنی صلاحیتوں اور وسائل کو بروئے کار لانے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے ہمیشہ گنداخہ کے شہریوں کے بنیادی مسائل کو ترجیح دیتے ہوئے ان کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر آواز بلند کرنے اور عملی اقدامات کو فروغ دینے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی، نکاسی آب، پینے کے پانی، شہری نظم و نسق، بنیادی بلدیاتی سہولیات اور اجتماعی نوعیت کے کاموں کی بہتری کسی بھی شہر کی ترقی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی جانب سے ان شعبوں پر توجہ دینا اور عوامی ضروریات کے مطابق اقدامات کرنا گنداخہ کے شہریوں کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے۔ سیاسی و سماجی حلقوں کا کہنا تھا کہ گنداخہ جیسے اہم شہر کی ترقی کے لیے بلدیاتی اداروں کو مضبوط، فعال اور مؤثر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 9

دہشت گردوں کے خاتمے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر عوام کی پُرامن آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی ادائیگی سے روکنے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنا دیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ عناصر بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کے لیے پوری طرح متحرک ہیں

بقیہ 10

میلیٹو آفیسر ڈاکٹر رفیق احمد مستوئی، ڈسٹرکٹ پولیو افسر ڈاکٹر شہباز ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر شہباز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ زیارت میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر کو شروع ہوگی اور 24 ستمبر کو اختتام پذیر ہوگی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ انسدادِ پولیو مہم ایک قومی مہم ہے اور اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس سلسلے میں میڈیا اور سول سوسائٹی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پولیو فری پاکستان ہمارا وژن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک بچہ بھی پولیو کے قطروں سے رہ گیا تو یہ مہم کامیاب نہیں ہوگی۔ والدین کی بھی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ پانچ سال تک کے بچوں کو انسدادِ پولیو کے قطرے ضرور پلائیں اور اپنے پھول جیسے بچوں کو معذوری سے بچائیں۔

بقیہ 11

ڈائریکٹر ہیلتھ مکران ڈاکٹر محب اللہ، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر وحید بلیدی، تربت پریس کلب کے صدر حافظ صلاح الدین سلفی، پھلان خان، مقبول ناصر، مبارک علی بلوچ، زاہد حسین، اکرم مقصود، ٹھیکیدار عصاء اور دیگر شخصیات نے کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ کو کمشنر مکران کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ نے ملاقات کے لیے آنے والے وفود اور شخصیات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مکران ڈویژن میں عوامی مسائل کے حل، انتظامی امور میں مزید بہتری، سرکاری اداروں کی کارکردگی مؤثر بنانے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

بقیہ 12

گیا واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEQ) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ صحت ضلعی انتظامیہ پولیس پی پی ایچ آئی عالمی ادارہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے دوران گزشتہ پولیو مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل مشکلات اور مختلف علاقوں میں ٹیموں کو درپیش چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر پولیو ٹیموں کی کارکردگی بچوں کی کوریج رہ جانے والے بچوں انکاری والدین، مائیکرو پلاننگ، ٹیموں کی نقل و حرکت، سیکیورٹی انتظامات اور مہم کے دوران سامنے آنے والی دیگر رکاوٹوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کو مزید مؤثر منظم اور کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمتِ عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم سے قبل تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جائے اور مائیکرو پلانز کو زمینی حقائق کے مطابق مرتب کرتے ہوئے ہر یونین کونسل اور دور دراز علاقے میں پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں تک رسائی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور لاعلاج مرض ہے، تاہم مؤثر حفاظتی اقدامات اور ویکسین کے ذریعے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے

بقیہ 13

صرف بلوچستان بلکہ پوری انسانیت کے ضمیر کو جھنجھوڑ دینے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک معصوم بچی کے ساتھ اس قدر سفاکانہ اور وحشیانہ سلوک کرنے والے عناصر انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں اور ایسے درندہ صفت ملزمان کو قانون کے مطابق ایسی عبرتناک سزا دی جانی چاہیے کہ آئندہ کوئی شخص اس قسم کے گھناؤنے جرم کا تصور بھی نہ کر سکے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ نوشکی میں پیش آنے والا یہ المناک واقعہ صوبے میں بچوں اور خواتین کے تحفظ کے حوالے سے سنگین سوالات کو جنم دے رہا ہے۔ ایک مہذب اور اسلامی معاشرے میں معصوم بچوں کے ساتھ جنسی تشدد اور قتل جیسے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں، جن کی روک تھام کیلئے محض مذمتی بیانات کافی نہیں بلکہ ریاستی اداروں، انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فوری اور مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعہ میں ملوث تمام ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے شفاف اور تیز رفتار تحقیقات کی جائیں اور کیس کو منطقی انجام تک پہنچاتے ہوئے ذمہ داروں کو قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف میں تاخیر متاثرہ خاندان کے زخموں کو مزید گہرا کرنے کے مترادف ہوگی، اس لیے حکومت بلوچستان اور متعلقہ اداروں کو اس کیس کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانا چاہیے

بقیہ 14

حکمتِ عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ این اسٹاف ڈاکٹر عبدالغفار سولنگی نے پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے ٹیموں، ٹارگٹ بچوں اور دیگر انتظامات سے آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، اس لیے مہم کے دوران تمام متعلقہ محکمے اور پولیو ٹیمیں بھرپور محنت، ذمہ داری اور باہمی رابطے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں، کوئی بچہ پولیو کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہے اور مہم کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

بقیہ 15

اور مختلف ڈرائیونگ سکلز کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈرائیونگ ٹیسٹ کے دوران امیدواروں سے گاڑی چلانے، موڑ کاٹنے، ریورس کرنے، پارکنگ، گاڑی پر کنٹرول، اشاروں کے درست استعمال، ٹریفک قوانین کی پابندی اور سڑک پر محفوظ ڈرائیونگ سمیت مختلف عملی مہارتوں کا امتحان لیا گیا۔ سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے ہر امیدوار کی ڈرائیونگ صلاحیت کو مقررہ معیار کے مطابق جانچا۔ اس موقع پر سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نعمت اللہ ترین نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء صرف ان افراد کو کیا جانا چاہیے جو ڈرائیونگ کی مکمل مہارت رکھتے ہوں اور ٹریفک قوانین و ضوابط سے بخوبی واقف ہوں

بقیہ 16

جانے والا ضروری سامان نہیں مل سکا، جس کے نتیجے میں طلبہ و طالبات اور اساتذہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ رواں تعلیمی سال کا بڑا حصہ گزرنے کے باوجود ضلع کے متعدد اسکول ایسے ہیں جہاں کلسٹر بجٹ کے تحت فراہم کیا جانے والا سامان تاحال دستیاب نہیں، جبکہ بعض اسکول بنیادی تعلیمی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ کلسٹر بجٹ کی مبینہ غیر منصفانہ تقسیم کے باعث اساتذہ میں بھی تشویش پائی جاتی ہے، عوامی حلقوں کے مطابق ایک جانب حکومت بلوچستان تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی اور معیارِ تعلیم بہتر بنانے کے دعوے کر رہی ہے

بقیہ 17

کے زیر اہتمام شروع کیا گیا ہے جبکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی جانب سے نوجوانوں کے لیے کیے گئے اقدامات کے تحت پروگرام کی نگرانی مشیر وزیر اعلیٰ برائے امور نوجوانان مینا مجید بلوچ کر رہی ہیں۔ حکومت کے مطابق پروگرام کے پہلے مرحلے میں پنجگور، لورالائی، کوئٹہ اور مسلم باغ کے مختلف کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلبہ و طالبات کے لیے تربیتی سیشنز منعقد کیے جا رہے ہیں۔ پہلے مرحلے میں ایک ہزار سے زائد نوجوانوں کو تربیت دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں نوجوانوں کو ایمپلائیبلٹی اور سافٹ اسکلز سے متعلق تربیت دی جا رہی ہے جس میں کمیونیکیشن، انٹرپرسنل اسکلز، لیڈرشپ، انٹرپرینیورشپ، کیریئر کاؤنسلنگ، سی وی رائٹنگ اور موک انٹرویوز شامل ہیں۔ تربیتی سرگرمیوں کے دوران گروپ ڈسکشنز، ٹیم ورک، کمیونیکیشن ایکسرسائزز اور عملی مشقوں کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے۔ حکومتی حکام کے مطابق ان سرگرمیوں کا مقصد نوجوانوں میں خود اعتمادی، مؤثر ابلاغ، فیصلہ سازی اور قائدانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانا ہے۔ پروگرام کے پہلے مرحلے کے تحت پوسٹ گریجویٹ کالج سریاب روڈ، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج مسلم باغ، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج خدایادان پنجگور اور گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب سمیت مختلف تعلیمی اداروں میں تربیتی سیشنز منعقد کیے گئے، جن میں 238 سے زائد طلبہ و طالبات نے شرکت کی

بقیہ 18

مضبوط عزم کا ثبوت ہے دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر مسافروں کی آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی انجام دہی سے روکنے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کے ذریعے ان کے عزائم ناکام بنا دیے اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ شہداء قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہادت پانے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں اور کسٹمز حکام کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری طرح متحرک ہیں

بقیہ 19

یدتدریسی ماحول سے روشناس کرانا تھا یونیورسٹی پہنچنے پر طلبہ اور اساتذہ کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر کے پی ایس او ڈاکٹر خالد خان نے طلبہ کی رہنمائی کرتے ہوئے انہیں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کروایا۔ طلبہ کو یونیورسٹی کے جدید آئی ٹی سینٹرز، لیبارٹریز اور دیگر تعلیمی و تحقیقی سہولیات سے آگاہ کیا گیا وفد کی قیادت پروگریسو انگلش گرامر ہائی اسکول کے ڈائریکٹر نواز خان کدزئی اور سینئر سائنس ٹیچر محمد اشرف نے کی دورے کے دوران طلبہ کو یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ سے ملاقات کا موقع بھی ملا۔ وائس چانسلر نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت، محنت، نظم و ضبط اور اعلیٰ کردار سازی پر زور دیا

بقیہ 20

ایس ایچ او سٹی محمد یونس محمد شبی، ایڈیشنل ایس ایچ او محمد اسماعیل بچاری اور ہیڈ محرر محمد عظیم خلدی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے چوری کے مقدمہ میں مفرور حفیظ اللہ اور اسکے ساتھی کو گرفتار کر لیا

بقیہ 21

کیلئے مزید ٹھوس و مؤثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری علاقوں کی نسبت دیہی علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات اور دیگر مسائل کے حوالے سے زیادہ مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت متوازن اور یکساں ترقی کے اصول پر یقین رکھتی ہے اور صوبے کے دور افتادہ و پسماندہ علاقوں کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل، اداروں کی مؤثر کارکردگی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم اچھی حکمرانی کے بنیادی تقاضے ہیں۔ انہوں نے گورننس میں شفافیت، ذمہ داری اور جوابدہی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پالیسی سازی کے عمل میں عوامی نمائندوں، سول سوسائٹی اور متعلقہ طبقات کی مؤثر شرکت کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ حکومت اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی پائیدار ترقی کی بنیاد بن سکتا ہے

بقیہ 22

اوروین کے درمیان تصادم کے نتیجے میں نزیر شاہ جاں بحق جبکہ حضرت گل، موخت احمد، علی حسن اور حنیف ہتائے جاتے ہیں شدید زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی MERQ ریسکیو سینٹر 1122 وندر کی ایمرجنسی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچ گئی۔ جاں بحق اور زخمیوں کو فوری طور پر ریسکیو سینٹر وندر منتقل کیا گیا۔ جہاں شدید زخمیوں کو بنیادی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ریسکیو سینٹر وندر کی ایمبولینسز کے ذریعے مزید علاج و معالجہ کے لیے ٹراما سینٹر کراچی ریفر کر دیا گیا۔

بقیہ 23

مستقل عدالت ثالثی کا متفقہ فیصلہ اس امر کی واضح توثیق ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل یا غیر مؤثر نہیں کر سکتا اور معاہدہ بین الاقوامی قانون کے تحت بدستور نافذ العمل اور فریقین کے لیے پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت کے فیصلے نے پاکستان کے آبی حقوق اور عالمی قوانین کی بالادستی کے اصول کو مضبوط کیا ہے۔ ان کے مطابق سندھ طاس معاہدہ خطے میں پانی کی تقسیم کے حوالے سے ایک اہم بین الاقوامی معاہدہ ہے

بقیہ 24

ہوئے کہا ہے کہ مرحومہ ایک نیک سیرت خاتون تھیں، اللہ تعالیٰ تنویر بندیزئی کی والدہ محترمہ کی مغفرت فرمائے اور مرحومہ کو جنت فردوس میں جگہ عطا فرمائے جبکہ مرحومہ کے لواحقین کو اس صدمے کو ایک کڑی آزمائش کے طور پر قبول کر کے اللہ کے منشا پر صبر و شکر کی توفیق عطا فرمائے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں تنویر بندیزئی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 25

لیے سڑکوں پر نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ملک کے عوام فیصلہ کریں کہ ملک کو بچانے اور بنانے والوں کو عزت دی جائے یا ملک کو تباہ کرنے والوں کو مزید مسلط رکھا جائے۔ اپنے ایک بیان میں سید صادق آغا نے کہا کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ ایک سیاسی سرگرمی نہیں بلکہ ملک کے مستقبل کے لیے ایک فیصلہ کن عوامی تحریک ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک بچانے اور بنانے والے "باہر" ہوں گے جبکہ ملک کو تباہ کرنے والے "اندر" ہوں گے، اور پوری قوم اس صورتحال کو اپنی آنکھوں سے دیکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی قیادت میں ملک بھر کے عوام لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کریں گے۔ نارتھ پنجاب خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ مل کر تحریک کا حصہ بنے گا، جبکہ سینٹرل اور ویسٹ پنجاب خصوصاً لاہور سے عوام بڑی تعداد میں نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ساتھ پنجاب کے وہ علاقے جو خیبر پختونخوا سے ملحق ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ تحریک میں شامل ہوں گے جبکہ جنوبی پنجاب کے دیگر علاقوں میں مرکزی شاہراہوں پر بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ 26

پیش کیا ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے اس موقع پر کہا ہے کہ براہوئی زبان بلوچستان کی قدیم اور منفرد زبانوں میں سے ایک ہے، جس کی ترویج و ترقی ہماری ثقافتی اور ادبی ذمہ داری ہے۔ براہوئی اکیڈمی کی جانب سے زبان و ادب کے فروغ، تحقیق و ترویج اور علمی و ادبی کتابوں کی اشاعت کے لیے کی جانے والی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ براہوئی اکیڈمی نے براہوئی زبان و ادب کے فروغ کے لیے مختلف شعبوں میں اہم خدمات انجام دی ہیں، بالخصوص براہوئی ادب سے متعلق کتابوں کی اشاعت، ادیبوں اور شعراء کی حوصلہ افزائی اور نئی نسل کو اپنی مادری زبان و ثقافت سے جوڑنے کی کوششیں قابلِ قدر ہیں انجینئر

کراچی، میر علی حسن زہری اور سینٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن ثمینہ ممتاز زہری کے الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سید محمد طلحہ سے ملاقات کر رہے ہیں

دشمن کے بزدلانہ اقدام کا عزم متزلزل نہیں کر سکتے، میر علی حسن زہری

دہشت گردی کے خلاف پوری قوم ایک صفحے پر ہے، شہداء کا خون رنگ لائے گا

پاکستان کے خلاف سازشیں کرنے والوں کے لیے کوئی جگہ نہیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور سینئر صوبائی نائب پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میر علی حسن زہری نے کوئٹہ کے زیارت کراس پر کسٹم (بقیہ 1 نمبر صفحہ 3 پر)

وڈیرہ محمد رفیق کھوسہ کے ساتھ ڈکیتی کے واقعے پر ڈھاڈر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال

رند پینل کی کال پر کاروباری مراکز بند، امن وامان کی بحالی کا مطالبہ

بولان (نامہ نگار) ڈھاڈر کے معروف زمیندار، سیاسی وقبائلی بزرگ رہنما وڈیرہ محمد رفیق کھوسہ کے ساتھ پیش آنے والے ڈکیتی کے افسوسناک واقعے کے خلاف رند پینل ڈھاڈر کی جانب سے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ رند پینل کی جانب سے دی جانے والی شارٹ کال پر ڈھاڈر (بقیہ 2 نمبر صفحہ 3 پر)

کراچی، پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری اور سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کے الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سید محمد طلحہ سے ملاقات

میر علی حسن زہری اور ثمینہ ممتاز زہری کی چیف ایگزیکٹو آفیسر کے الیکٹرک سے ملاقات

حب کے عوام کو بجلی کی بنیادی سہولت کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے، میر علی حسن زہری، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

کراچی (پ ر) حب میں جاری سنگین بجلی کے بحران اور طویل غیر معمولی لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدرِ مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری (بقیہ 3 نمبر صفحہ 3 پر)

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیر اعلیٰ

غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ عناصر بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چاغی کے علاقے نوکچہ اور پشین کے علاقے زیارت کراس میں سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے (بقیہ 9 نمبر صفحہ 3 پر)

انسدادِ پولیو مہم ایک قومی مہم ہے، عبدالقدوس اچکزئی

پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ڈپٹی کمشنر

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کے سلسلے میں ڈی پیک کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر شیر شاہ غلوئی، ڈسٹرکٹ (بقیہ 10 نمبر صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ملک عبدالظاہر کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

عوامی خدمت اور بہتر انتظامی نظام ترجیحات میں شامل ہے، طفیل احمد بلوچ

مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ اور مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے گی

تربت (خ ن) کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ طور پر دفتری امور اور سرکاری فرائض کی انجام دہی کا آغاز کر دیا۔ اس موقع پر (بقیہ 11 نمبر صفحہ 3 پر)

پولیو خطرناک اور لاعلاج مرض ہے، وریندر لعل

والدین اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی اور آئندہ مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا (بقیہ 12 نمبر صفحہ 3 پر)

تمبو کے علاقے میں زرعی اراضی کے تنازعے پر مسلح افراد کی فائرنگ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو بابا کوٹ کے علاقے میں زرعی اراضیات کے تنازعے پر مسلح افراد کی شدید فائرنگ سے پورا علاقہ گونج اٹھا فائرنگ سے کھیتوں میں ٹریکٹرز کے ذریعے جاری کام رک گیا

ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں بگٹی قبیلے سے تعلق رکھنے والی خاتون لوک گلوگارہ کو قتل کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں بگٹی قبیلے سے تعلق رکھنے والی خاتون لوک گلوگارہ کو قتل کر دیا گیا پولیس حکام کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں بگٹی قبیلے سے تعلق رکھنے والی پہلی خاتون لوک سنگر مائی سجاتی بگٹی کو مسلح افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع واردات سے فرار ہو گئے

گوادر ممبر الیکشن کمیشن بلوچستان شاہ محمد جتوئی والیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال کو سب ڈویژنل آفیسر مواصلات وتعمیرات الیکشن کمشنر کمپلیکس سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

دہشتگردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، شاہد لند

دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر مسافروں کی آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی انجام دہی سے روکنے کی کوشش کی

21 دہشت گردوں کا خاتمہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط عزم کا ثبوت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ نوکچہ، چاغی اور زیارت کراس، پشین میں سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی قابل تحسین ہے، 21 دہشت گردوں کا خاتمہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے (بقیہ 18 نمبر صفحہ 3 پر)

سوراب، پولیس نے چوری مقدمے میں مطلوب 2 مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) سوراب پولیس نے چوری کے مقدمے میں مطلوب 2 مفرور ملزمان کو گرفتار کر کے واردات میں استعمال ہونے والی آلٹو گاڑی برآمد کر لی۔ ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او سوراب بلاول بلوچ کی زیرِ نگرانی (بقیہ 20 نمبر صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی، ڈاکوؤں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آی) نصیر آباد میر حسن میں ڈاکو راج روڈ پر ناکہ لگا دیا گیا لاکھوں روپے نقدی دو موٹر سائیکل درجنوں موبائل فونز چھین لیے گیے ملزمان فرار ہو گئے

نوجوان نسل ہی ملک کا مستقبل ہے، ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ

علم وہنر سے آراستہ ہو کر پاکستان کی ترقی وخوشحالی میں اپنا مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا

لورالائی (خ ن) یونیورسٹی آف لورالائی میں پروگریسو انگلش گرامر ہائی اسکول لورالائی کے طلبہ اور اساتذہ کے لیے ایک معلوماتی اور تعلیمی مطالعاتی دورے کا اہتمام کیا گیا۔ اس دورے کا مقصد طلبہ کو کلاس روم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیمی اداروں کے علمی، تحقیقی اور جد (بقیہ 19 نمبر صفحہ 3 پر)

وندر، ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 4 افراد شدید زخمی

اطلاع ملتے ہی MERC ریسکیو سینٹر 1122 وندر کی ایمرجنسی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچ گئی

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) وندر، کھر کھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 4 افراد شدید زخمی ہو گئے، ریسکیو رپورٹ۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 وندر کے قریب کھر کھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے مقام پر ٹرالر (بقیہ 22 نمبر صفحہ 3 پر)

عام آدمی کی زندگی میں مثبت تبدیلی کو یقینی بنانا اچھی طرز حکمرانی کی کامیابی ہے

گورنر بلوچستان

ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام بالخصوص غریب اور پسماندہ عوام تک پہنچانے کیلئے مزید ٹھوس ومؤثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

حکومت متوازن اور یکساں ترقی کے اصول پر یقین رکھتی ہے، صوبے کے دور افتادہ وپسماندہ علاقوں کی تعمیر وترقی کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مختلف شخصیات اور وفود نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران صوبے کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، اچھی طرز حکمرانی اور دور افتادہ علاقوں کی تعمیر وترقی سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ عام آدمی کی زندگی میں مثبت تبدیلی کو یقینی بنانا ہی اچھی طرزِ حکمرانی کی اصل کامیابی ہے۔ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام بالخصوص غریب اور پسماندہ عوام تک پہنچانے (بقیہ 21 نمبر صفحہ 3 پر)

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معیاری کتابیں طلبہ کے علمی وفکری معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، راحیلہ درانی

اسکالرشپس، بسوں اور لیپ ٹاپس کی فراہمی کے بعد اب کالجز کی لائبریریوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے

حکومت تعلیم کے فروغ اور تعلیمی اداروں میں طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی جانب سے کوئٹہ کے 21 میل اور فی میل کالجز کی لائبریریوں کے لیے جدید اور معیاری کتابوں کی فراہمی کے سلسلے میں پروقار تقریب گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں پہلے مرحلے میں گرلز (بقیہ 4 نمبر صفحہ 3 پر)

پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس جیکب آباد میں روک دی گئی

کوئٹہ (یو این اے) پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو سیکورٹی وجوہات کی بنا پر جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر روک دیا گیا، جبکہ ریلوے ذرائع کے مطابق مسافروں کو جیکب آباد سے کوئٹہ تک کا کرایہ ریفنڈ کر دیا گیا ہے۔

حکومت نے سرکاری ملازمتوں کے لیے بالائی عمر کی حد میں عمومی رعایت کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبائی کابینہ کے 27 اگست 2026 کے فیصلے کی روشنی میں سرکاری ملازمتوں کے لیے بالائی عمر کی حد میں عمومی رعایت کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق عام امیدواروں، بشمول معذور افراد اور شہداء کے قانونی ورثاء، کے لیے سرکاری ملازمتوں میں بالائی عمر کی حد میں رعایت دے کر زیادہ سے زیادہ عمر 43 سال کر دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایسے سرکاری ملازمین جنہوں نے مستقل بنیادوں پر کم از کم دو سال کی مسلسل سرکاری ملازمت مکمل کر لی ہے، ان کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر کی حد (بقیہ 6 نمبر صفحہ 3 پر)

صحبت پور پولیس کی کارروائی، مطلوب ملزم گرفتار اور مغوی خاتون بازیاب

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ایک مغوی خاتون کو بازیاب کرا لیا اور ملوث مبینہ ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس انسپکٹر وقائم مقام ایس ایچ او نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم سائند اد جکھرانی کو دبوچ لیا، جس کے قبضے سے مغویہ خاتون عابدہ کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار مبینہ ملزم مختلف مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا۔ اس کامیاب کارروائی پر ایس پی صحبت پور اور مقامی شہریوں نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہا ہے۔

نصیر آباد، ربی کینال کے قریب ہوٹل پر ڈکیتی کی واردات

مسافر بسوں میں بھی مبینہ ڈکیتی، لاکھوں روپے، موبائل فونز، زیورات اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا گیا

نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) میر عمر خان پرکانی کے فرزند میر خیر جان پرکانی اور میر عبدالعزیز پرکانی سمیت ودیگر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ رات نصیر آباد کے علاقے ربی کینال، پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں ہوٹل پر مبینہ طور پر ڈکیتی کی واردات (بقیہ 5 نمبر صفحہ 3 پر)

میرین ڈرائیو سولرائزیشن منصوبہ تکمیل کے آخری مراحل میں

میرین ڈرائیو کو سولر اسٹریٹ لائٹس سے روشن کرنے کا منصوبہ تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی ترقی پسند، ماحول دوست اور پائیدار توانائی کی پالیسی کے تحت ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان کی ہدایت پر میرین ڈرائیو کو سولر اسٹریٹ لائٹس سے روشن کرنے کا منصوبہ تیزی سے تکمیل کی جانب (بقیہ 7 نمبر صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی بلدیاتی وعوامی خدمات قابلِ تحسین ہیں

گنداخہ کی تعمیر وترقی میں ان کا کردار نمایاں ہے، سیاسی وسماجی حلقے

گنداخہ: (نامہ نگار) سیاسی، سماجی وعوامی حلقوں نے چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی جانب سے شہر کی بہتری، عوامی مسائل کے حل اور شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے کی جانے والی عملی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے (بقیہ 8 نمبر صفحہ 3 پر)

نوشکی واقعہ انسانیت کے منہ پر طمانچہ ہے، پروفیسر حلیم صادق

معصوم 9 سالہ بچی کیساتھ ظلم کرنے والے سفاک ملزمان کو فوری گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے نوشکی میں گزشتہ دنوں ایک 9 سالہ معصوم بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی کے بعد اسے گلے میں پھندا ڈال کر بے دردی سے قتل کرنے کے انسانیت سوز واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افسوسناک سانحہ نہ (بقیہ 13 نمبر صفحہ 3 پر)

پولیو کا مکمل خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، خالد خان

مہم کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، ڈپٹی کمشنر

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس این آئی ڈی ستمبر 2026 کے تحت 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات اور (بقیہ 14 نمبر صفحہ 3 پر)

ڈرائیونگ لائسنس محض ایک دستاویز نہیں بلکہ ایک اہم ذمہ داری ہے، نعمت اللہ ترین

ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء صرف ان افراد کو کیا جانا چاہیے جو ڈرائیونگ کی مکمل مہارت رکھتے ہو

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن نعمت اللہ ترین نے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے آنے والے امیدواروں کا عملی ڈرائیونگ ٹیسٹ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے امیدواروں کی ڈرائیونگ صلاحیتوں، ٹریفک قوانین سے آگاہی (بقیہ 15 نمبر صفحہ 3 پر)

کوہلو: کلسٹر بجٹ میں مبینہ بے ضابطگیاں

درجنوں اسکول بنیادی سامان سے محروم، عوامی حلقوں کا تحقیقات کا مطالبہ

کوہلو (نذر بلوچ قلندرانی) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں محکمہ تعلیم کے کلسٹر بجٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں اور غیر منصفانہ تقسیم کے باعث درجنوں اسکول بنیادی سہولیات اور کلسٹر بجٹ سے محروم ہونے کا انکشاف ہوا ہے، متعدد اسکولوں کو تاحال کلسٹر بجٹ کے تحت فراہم کیے (بقیہ 16 نمبر صفحہ 3 پر)

بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے کا آغاز

مختلف تعلیمی اداروں میں دو ہزار سے زائد نوجوانوں کو دو مراحل میں تربیت فراہم کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں نوجوانوں کی پیشہ ورانہ اور عملی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ حکومت بلوچستان کے مطابق پروگرام کے تحت صوبے کے مختلف تعلیمی اداروں میں دو ہزار سے زائد نوجوانوں کو دو مراحل میں تربیت فراہم کی جائے گی۔ یہ پروگرام محکمہ امور نوجوانان، حکومت بلوچستان (بقیہ 17 نمبر صفحہ 3 پر)

سندھ طاس معاہدہ خطے میں پانی کی تقسیم کے حوالے سے بین الاقوامی معاہدہ ہے

ظہور بلیدی

عدالتِ ثالثی کا فیصلہ قانون کی حکمرانی، بین الاقوامی معاہدوں کے احترام اور پاکستان کے جائز آبی حقوق کی واضح توثیق ہے

عدالت کے فیصلے نے پاکستان کے آبی حقوق اور عالمی قوانین کی بالادستی کے اصول کو مضبوط کیا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق دی ہیگ میں مستقل عدالتِ ثالثی کے متفقہ فیصلے کو پاکستان کے اصولی مؤقف اور عالمی قانون کی اہم فتح قرار دیا ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے اپنے بیان میں کہا کہ (بقیہ 23 نمبر صفحہ 3 پر)

محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ایک اعلامیے کے مطابق محکمے کے نیٹورک ایڈمنسٹریٹر (BPS-17) عبدالمالک کو مورخہ 07 مئی 2026 سے مستقل بنیادوں پر انفارمیشن سیکیورٹی اسپیشلسٹ (BPS-18) کے عہدے پر ترقی دیدی گئی ہے۔

بلوچستان، پی ڈی ایم اے نے ہنگامی امدادی وسائل، ریسکیو فورس تعینات کر دی

کوئٹہ (خ ن) زیارت کراس پر پیش آنے والے واقعے کے بعد صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) بلوچستان نے فوری طور پر بڑے پیمانے پر ہنگامی امدادی وسائل اور ریسکیو فورس تعینات کر دی ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان جانب میر سرفراز بگٹی اور ریلیف کمشنر/ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان غوریزئی کی ہدایات پر ڈائریکٹر ریسکیو نوید احمد کی نگرانی میں پی ڈی ایم اے ریسکیو فورس کو یکم ستمبر کی رات 2 بج کر 15 منٹ پر زیارت کراس روانہ کیا گیا۔ پی ای او سی پی ڈی ایم اے کے مطابق مجاز حکام کی ہدایات پر 12 ایمبولینسز، 4 فائر ٹرکس، 2 واٹر باؤزرز اور 24 ریسکیو رز کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تعینات کیا گیا ہے۔

حب پولیس کی کارروائیاں، ڈکیتی اور فائرنگ کے مقدمات میں 2 ملزمان گرفتار

حب (یو این اے) حب پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران ڈکیتی کے ملزم سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ڈکیتی میں استعمال ہونے والا ٹی پسٹل مسروقہ موبائل فون، شناختی کارڈ اور موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ ہفتے کو بلوچ کالونی حب کے رہائشی علی خان ولد گامن خان نے رپورٹ کی تھی کہ ابراہیم سوسائٹی کے قریب مسلح افراد نے اس سے دو موبائل فون، قومی شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈ، موٹر سائیکل اور 2500 روپے نقد چھین لیے

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

ٹریڈ یونین نمائندوں کا تنویر نذیر سے والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت

آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹریٹ میں مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن سے منسلک ٹریڈ یونین تنظیموں کے عہدیداروں نے انڈسٹریل آل گلوبل یونین کے پاکستان میں پراجیکٹ کوآرڈینیٹر تنویر نذیر کی والدہ محترمہ کے انتقال پر پُرسہ اور افسوس کا اظہار کرتے (بقیہ 24 نمبر صفحہ 3 پر)

27 ستمبر کا لانگ مارچ سیاست کا رخ بدل دیگا، سید صادق آغا

بلوچستان کی شاہراہیں بند کر کے لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کریں گے، تحریک انصاف بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ملک بھر میں ہونے والا لانگ مارچ ملکی تاریخ اور سیاست کا رخ بدل دے گا۔ عوام ملک میں حقیقی جمہوریت، آئین وقانون کی بالادستی اور عوامی مینڈیٹ کے احترام کے (بقیہ 25 نمبر صفحہ 3 پر)

براہوئی زبان بلوچستان کی قدیم اور منفرد زبانوں میں سے ایک ہے، عائشہ زہری

براہوئی اکیڈمی نے براہوئی زبان وادب کے فروغ کے لیے مختلف شعبوں میں اہم خدمات انجام دی ہیں

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری سے براہوئی اکیڈمی کے وفد نے مرکزی ایگزیکٹو ممبر بخش انجم کی سربراہی میں ملاقات کی اور ڈی سی انجینئر عائشہ زہری کو براہوئی اکیڈمی کی جانب سے شائع ہونے والے تاریخی کتابوں اور براہوئی کیلنڈر کا تحفہ (بقیہ 26 نمبر صفحہ 3 پر)

اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے صاحبزادے کی وفات پر جسٹس جمال مندوخیل تعزیت کر رہے ہیں

پاکستانیوں پر غیر قانونی تعمیر یا پانی کی چوری کو ہرگز برداشت نہیں کریگا

صادق عمرانی

ثالثی عدالت نے فیصلے میں قرار دیا کہ بھارت کی جانب سے بتائی گئی کوئی بھی بنیاد معاہدے کی معطّلی یا خاتمے کا جواز پیش نہیں کر سکتی

سندھ طاس معاہدہ مکمل طور پر نافذ العمل ہے اور بھارت کو معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں پر عمل کرنا ہوگا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے عالمی ثالثی عدالت کے حالیہ فیصلے کو پاکستان کی بہت بڑی قانونی اور سفارتی کامیابی قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ بین الاقوامی عدالت نے پاکستان کے اصولی موقف کو تسلیم کرتے ہوئے واضح کر دیا ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے میں کوئی بھی (بقیہ 27 نمبر صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، یوتھ فورم فار کشمیر کے زیر اہتمام کشمیری رہنماء سید علی شاہ گیلانی کی برسی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے ڈائریکٹر شیر احمد بلوچ، وقاص احمد کاشی، نوزیہ کاسی اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں